افکار و اخبار

- مکتوب مکۃ مکرمہ
- عیسائی اقلیت کی شرح آبادی
- جناب ابو معاویہ مرحوم
- آہ مولانا فضل سبحانی مرحوم
- دعائے مغفرت کی اپیل

مکتوب مکہ مکرمہ | الحمد للہ، عاجز اور روسیاہ، مجسمہ گناہ۔ آپ اکابر کی دعوات مخلصانہ و عنایات خسروانہ سے سرزمین حرم مہبط الوحی مشرق النور میں تدریس و تبلیغ و خدمت مسلک حقہ اکابر دیوبند میں ساعی ہے ؎

کہاں میں اور کہاں یہ نکہت گل　　　　نسیم صبح تیری مہربانی

فاران کی چوٹی سے آفتاب اسلام چمکا۔ اور پوری دنیا پہ چھا گیا۔ جبل ابو قبیس سے ندائے خلیل بلند ہوئی۔ یاتین من کل فج عمیق کا روح پرور منظر ہزاروں سال بعد اقوام عالم کے روبرو ہے۔ اقتدا السنۃ الحبیب والخلیل علیہما افضل الصلوٰۃ والسلام پندرہویں صدی کے آغاز سے جوار کعبۃ اللہ میں بیٹھ کر بصد اقلب سے پکارتا ہوں کہ خدارا ابنائے دیوبند کو افتراق و انتشار سے بچا کر اپنی عظیم تاریخی روایات کو زندہ کریں ورنہ ع

تمہاری داستان تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

اکابرین دیوبند کی وفات نے جو عظیم خلا پیدا کر دیا ہے۔ اس کا تدارک انفرادی نہیں اجتماعی مساعی سے بھی شاید ہو سکے۔ عاجز اتحاد ابنائے دیوبند کے لیے عاجزانہ درخواست پیش کرتا ہے۔ متوقع ہوں کہ صدائے حرم پر اخلاق کریمانہ کے پیش نظر قلبی توجہ مبذول فرمائیں گے۔ جواب باثواب اور قیمتی آرا سے سرفراز فرمائیں گے۔

والسلام ننگ خلق۔ محمد مکی حجازی مدرس مسجد حرام مکہ مکرمہ

عیسائی اقلیت کی شرح آبادی | ہمارے بعض ہم وطن عیسائی اپنی آبادی کے متعلق مبالغہ آمیز بیانات شائع کرتے رہتے ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ:۔

۱۔ حکومت سے اپنے ناجائز مطالبات آبادی کی بنیاد پر منوائے جائیں۔ ۲۔ مسلمانوں میں بددلی پھیلائی جائے۔ ۳۔ اپنے ہم مذہبوں پر اثر ڈالا جائے کہ بے شمار لوگ عیسائی بن رہے ہیں۔ ۴۔ غیر ملکوں سے اس بنیاد پر کہ پاکستان میں عیسائیت بے حد پھیل رہی ہے ہر قسم کی امداد حاصل کی جائے۔

یہ شرارت اس طرح پھیلائی جا رہی ہے۔

"پاکستان نیشنل کرسچین لیگ کے جنرل سیکریٹری مسٹر پطرس گل نے وزیر اعظم بھٹو سے مطالبہ کیا کہ ساٹھ لاکھ